NYC
Health

نیویارک سٹی کو دوبارہ کھولنا: عمومی سوالات (FAQ)

مجھے کام کرنے کی جگہ پر کب واپس جانا چاہیے؟

نیویارک سٹی (NYC) میں COVID-19 کی وسیع پیمانے پر کمیونٹی میں منتقلی موجود ہے۔ اپنے ملازمین کی حفاظت کرنے اور COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ جب تک ممکن ہو ریموٹ طریقے سے کام کی پالیسیاں جاری رکھیں۔ ریموٹ طریقے سے کام کو جاری رکھنے سے ان لوگوں کی حفاظت میں مدد مل سکتی ہے جنہیں ذاتی طور پر موجود ہو کر کام کرنا ہوتا ہے اور ہماری کمیونٹیوں کو محفوظ رکھنے میں مدد مل سکتی ہے، خاص طور پر غیر سفید فام کمیونٹیوں کے لیے جو COVID-19 سے غیر متناسب طور پر متاثر ہوئی ہیں۔

اس بارے میں سوچیں کہ آیا آپ اپنے کام کے طریقہ کار میں دیگر تبدیلیاں کر سکتے ہیں تاکہ زیادہ سے زیادہ ملازمین کو گھر سے کام کرنے کی اجازت دی جا سکے۔ اگر آپ ملازمین سے گھر کی بجائے دفتر آ کر کام کرنا درکار کرتے ہیں تو "New York Forward" (نیو یارک فارورڈ) پر ان عمومی سوالات اور تقاضوں کا جائزہ لیں اور اپنے ملازمین کو COVID-19 سے محفوظ رکھنے کے لیے خطرے کو کم کرنے کی حکمت عملی پر عمل درآمد کریں۔

NYC کے کون سے وسائل دستیاب ہیں؟

- NYC محفوظ ماحول کو برقرار رکھنے میں مدد کے لیے رہنمائی اور ٹولز فراہم کررہا ہے، جس میں کثیر لسانی اشارے بھی شامل ہیں۔
- NYC کے پاس آپ، آپ کے ملازمین، اور آپ کے صارفین کی حفاظت کے لیے مضبوط "Test and Trace" (ٹیسٹ اینڈ ٹریس) پروگرام موجود ہے۔ مزید معلومات کے لیے نیچے "اسکریننگ، ٹیسٹنگ اور کنٹیکٹ ٹریسنگ" دیکھیں۔
- NYC نے آپ اور آپ کے ملازمین کے لیے ذہنی صحت سمیت نگہداشت صحت کے وسائل دستیاب کر رکھے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، نیچے "نگہداشت صحت تک رسائی" ملاحظہ کریں۔
- NYC کے نمائندے کاروباروں کو انکی ذمہ داریوں کو سمجھنے میں مدد کے لیے کمیونٹی میں ہوں گے۔

اسکریننگ، ٹیسٹنگ اور کنٹیکٹ ٹریسنگ

میں اپنے ملازمین کو COVID-19 کے لیے کس طرح اسکرین کر سکتا ہوں؟

نیو یارک اسٹیٹ (NYS) آجروں سے درکار کرتی ہے کہ وہ ملازمین کی صحت کے حوالے سے اسکریننگ کریں۔ NYC محکمہ صحت و ذہنی حفظان صحت (NYC محکمہ صحت) کے اسکریننگ ٹول کا جائزہ لیں۔ عملے کو اپنی صحت کی قریب سے نگرانی کرنے اور بیمار ہونے پر گھر رہنے کی تاکید کریں۔ جو عملہ بیماری کی حالت میں کام پر آتا ہے یا کام پر بیمار ہو جاتا ہے، انہیں فوری طور پر گھر بھیج دیا جانا چاہیے۔

عملے کو اس وقت تک گھر میں رہنے کی ترغیب دینے کے لیے کہ جب تک وہ خود کی علیحدگی کو ختم کرنے کے معیار پر پورا نہ اتر جائیں، آجروں کو چھٹی کی پالیسیوں میں نرمی کرنی چاہیے۔ جسمانی دوری، ہاتھ کی اچھی حفظان صحت اور چہرے پر نقاب کے باقاعدگی سے استعمال کو فروغ دینا بھی ضروری ہے۔ یہ احتیاطی تدابیر COVID-19 کے پھیلاؤ سے تحفظ کے لیے ضروری ہیں، خاص طور پر اگر کوئی بیمار ہے لیکن اس کو علامات درپیش نہیں ہیں۔

اسکریننگ سے ملازمین کے بارے میں حاصل ہونے والی معلومات کے لیے رازداری کے کون سے قواعد لاگو ہوتے ہیں؟

کسی بھی آجر کو ملازمین کے بارے میں طبی معلومات کو ان فائلوں میں دستیاب رکھنا چاہیے جو عملے کی دیگر فائلوں سے الگ ہیں۔ آجروں کو طبی معلومات کی رازداری کا تحفظ کرنا چاہیے۔ رازداری کے تقاضے کے حوالے سے کچھ استثنیات ہیں۔ مثال کے طور پر، سپروائزرز اور مینیجرز کو ملازمین کے کام یا فرائض پر ضروری پابندیوں اور ضروری رعایت کے بارے میں مطلع کیا جا سکتا ہے۔ اگر کسی کو ہنگامی علاج کی ضرورت ہو تو جب مناسب ہو ابتدائی طبی امداد اور حفاظت کے اہلکاروں کو مطلع کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ سرکاری عہدیداروں کو وفاقی امتیازی قانون سے متعلق تعمیل کی تحقیقات کے حوالے سے درخواست کرنے پر پر متعلقہ معلومات فراہم کرنا ضروری ہیں۔

اگر کوئی ملازم اپنے آپ کو اسکرین کروانے سے انکار کرتا ہے تو آجر کے پاس کیا اختیارات ہیں؟ کیا ان کو برخاست کیا جا سکتا ہے؟

ملازمین کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ اسکریننگ ان کے، ان کے ساتھی کارکنوں اور صارفین کے تحفظ کے لیے ہے۔ ان کے کوئی سوالات اور خدشات ہوں تو ان کا جواب دیں۔ اگر کوئی ملازم اسکریننگ کرنے سے انکار کرتا ہے تو آجر ملازم کے خلاف نظم و ضبط کی کاروائی کر سکتا ہے۔ نظم و ضبط کی کاروائی کی نوعیت آجر کی پالیسیوں اور اجتماعی گفت و شنید کے معاہدوں کے تحت فراہم کردہ کسی بھی حقوق پر منحصر ہو گی۔

کیا مجھے اسکریننگ سے متعلق صحت کا ڈیٹا برقرار رکھنا چاہیے؟

نیو یارک اسٹیٹ کا تقاضا ہے کہ کاروبار صحت کی اسکریننگ کے لازمی جائزوں کو لاگو کریں۔ کاروباروں کو دستاویزی صورت میں ریکارڈ کرنا چاہیے کہ انھوں نے صحت کے ان روزانہ اسکریننگ کے جائزوں کے جوابات کا جائزہ لیا ہے۔ کاروبار میں ملازمین کے صحت کے اعداد و شمار (جیسے درجہ حرارت کا ڈیٹا) رکھنے سے منع کیا گیا ہے۔ اسکریننگ اور دستاویزات کی مثالوں کے لیے NYC محکمہ صحت کا اسکریننگ ٹول اور ماڈل لاگ ملاحظہ کریں۔

NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس پروگرام کیا ہے؟

NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپوریشن COVID-19 کے کیسوں کی تحقیقات کرنے، اور ان کیسوں کے قریبی رابطوں کی نشاندہی اور نگرانی کرنے کے لیے ہزاروں کنٹیکٹ ٹریسروں کو تعینات کررہا ہے۔ اس سے سٹی فوری طور پر ان لوگوں کو الگ اور ان کی نگہداشت کر پائے گا جن کا وائرس کا مثبت ٹیسٹ آیا ہے، اور پھر ان کے قریبی رابطوں کے لیے بھی ایسا ہی کرے گا۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم مندرجہ ذیل کو ملاحظہ کریں: nychealthandhospitals.org/test-and-trace۔

اسٹیٹ کی رہنمائی بیان کرتی ہے کہ "اگر COVID-19 کے ٹیسٹ کے نتائج مثبت ہیں تو ذمہ دار فریقین کو فوری طور پر اس کیس کے بارے میں اسٹیٹ اور مقامی محکمہ صحت کو مطلع کرنا چاہیے۔" میں سٹی کے محکمہ صحت کو کس طرح اطلاع دوں؟

آپ NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپوریشن کو CovidEmployerReport@nychhc.org پر ای میل کر سکتے ہیں۔

کیا ملازمین کو آجروں کو متنبہ کرنے کی ضرورت ہے اگر ان کو COVID-19 ہے یا ممکنہ طور پر ہے؟

COVID-19 سے متاثرہ افراد کو NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپوریشن کی جانب سے گھر میں الگ تھلگ رہنے اور اپنے آجر کو متنبہ کرنے کی ہدایت کی جائے گی۔ اس علیحدگی کی مدت کے دوران، انہیں کام پر جانے کے لیے گھر سے نہیں نکلنا چاہیے، اگرچہ وہ گھر سے کام کرسکتے ہیں اگر وہ ایسا کرنے کا اہل محسوس کریں۔

اگر کسی ملازم کا COVID-19 کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا کاروبار کو دوسرے عملے کو مطلع کرنا چاہیے؟

آپ دوسرے عملے یا صارفین / کلائینٹس کو مطلع کر سکتے ہیں کہ غالبا وہ زد میں آ چکے ہیں، لیکن مثبت ٹیسٹ والے ملازم کا نام شیئر نہیں کریں۔ ملازمین اور صارفین / کلائینٹس کو واضح کریں کہ آپ پر ملازم کی رازداری کی حفاظت کرنا لازم ہے اور آپ ملازمین کے مخصوص طبی حالات پر بات نہیں کر سکتے ہیں۔ NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپوریشن ان تمام لوگوں کو انٹرویو کرنے کی کوشش کرے گا جن کی COVID-19 کی مثبت تشخیص ہوئی ہے

تاکہ ممکنہ طور پر زد میں آنے والے قریبی رابطوں کی نشاندہی کی جا سکے۔ زد میں آنے کی بنیاد پر ان قریبی رابطوں کو ٹیسٹ کروانے اور علیحدگی میں چلے جانے کو کہا جائے گا۔ اگر کوئی شخص اس حوالے سے فکر مند ہو کہ وہ کسی کیس کی زد میں آ چکا ہے لیکن اس شخص سے ابھی تک NYC ٹیسٹ اینڈ ٹریس کارپوریشن نے رابطہ نہیں کیا ہے تو COVID-19 کا ٹیسٹ کروانے کی آپشنز کے لیے وہ شخص اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کر سکتا ہے یا nychealthandhospitals.org/test-and-trace/testing ملاحظہ کر سکتا ہے۔

علیحدگی کے بعد ایسے ملازمین کام پر کب واپس آ سکتے ہیں جن کا COVID-19 کا مثبت ٹیسٹ آیا تھا یا COVID-19 کی علامات درپیش تھیں؟

NYS کو دوبارہ کھولنے کی رہنمائی کی بنیاد پر، عملے کو اس وقت تک اپنے کام پر واپس نہیں آنا چاہیے جب تک کہ ان کی علامات شروع ہوئے کم سے کم 10 دن نہ ہوئے ہوں، یا اگر کوئی علامت نہیں تھی تو پہلے مثبت ٹیسٹ کے 10 دن بعد۔

بیمار کارکن کو ساتھی کارکنوں کی جانب سے ہراساں کیے جانے یا ان کی جانب سے امتیازی سلوک سے بچنے کے لیے، بیمار کارکن کو گھر بھیجتے وقت مجھے کیا کہنا چاہیے؟

آپ کو کارکن کو گھر بھیجے جانے کی وجہ دوسروں کو نہیں بتانی چاہیے۔ صحت سے متعلق معلومات خفیہ ہوتی ہیں اور ان کو دوسرے ملازمین کے کو ظاہر نہیں کیا جانا چاہیے۔ ساتھی کارکنوں کو بتائیں کہ COVID-19 جیسے طبی مسلے کی وجہ سے کسی ملازم کو ہراساں کرنا یا ان سے امتیازی سلوک کرنا نیویارک سٹی کے انسانی حقوق کے قانون کی خلاف ورزی ہے۔

کیا کسی ایسے ملازم کے لیے جو بیمار تھا، کام پر واپس آنے سے پہلے COVID-19 کا تشخیصی یا اینٹی باڈی ٹیسٹ کروانا ضروری ہے؟

نہیں، کام پر واپس آنے کے لیے ٹیسٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، NYC یہ سفارش کرتا ہے کہ نیویارک کے تمام باشندوں کو COVID-19 کا تشخیصی ٹیسٹ کروانا چاہیے، چاہےان کو علامات درپیش ہوں یا نہ ہوں یا وہ زیادہ خطرے کی زد میں ہوں یا نہ ہوں۔ اس وقت یہ سفارش نہیں کی جا رہی کہ وہ لوگ جن کا پہلے مثبت ٹیسٹ آیا تھا وہ دوبارہ ٹیسٹ کروائیں، جب تک کہ صحت عامہ کی رہنمائی یا ان کے نگہداشت صحت فراہم کنندہ ایسا کرنے کا مشورہ نہ دے دیں۔

اگر کس ملازم کا COVID-19 کا مثبت ٹیسٹ آتا ہے تو ہم ان کے کام کرنے کی فوری جگہ اور مجموعی کاروبار کو کیسے صاف کریں؟

دفتروں، باتھ روموں، مشترکہ علاقوں، مشترکہ الیکٹرانک سامان جیسے ٹیبلٹس، ٹچ اسکرینز، کی بورڈز جیسی تمام جگہوں کو صاف اور جراثیم کش کریں۔ صفائی اور جراثیم کشی کی رہنمائی پر عمل کریں۔

اگر کسی ملازم کا COVID-19 کی اینٹی باڈیز کا ٹیسٹ مثبت آتا ہے تو کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو دوبارہ انفیکشن نہیں ہو سکتی؟

ہم ابھی تک یہ نہیں جانتے ہیں کہ آیا COVID-19 اینٹی باڈیز کی موجودگی کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص میں دیرپا مدافعت ہے۔ اینٹی باڈی ٹیسٹ کے نتیجے کی بنیاد پر آپ کو کسی کو کام سے باہر نہیں رکھنا چاہیے یا ملازمت کے دوسرے فیصلے نہیں کرنے چاہیے۔

بیمار ہونے پر گھر میں ہی رہنا

میرے بہت سے ملازمین گھر میں الگ تھلگ نہیں ہو سکتے ہیں۔ سٹی کون سے وسائل پیش کرتا ہے؟

نیویارک کے باشندے جن کو COVID-19 ہے یا کسی ایسے فرد کے ساتھ رہتے ہیں جس کو COVID-19 ہے، اور وہ الگ نہیں رہ سکتے تو وہ کسی ہوٹل میں بغیر کسی معاوضے کے قیام کر سکتے ہیں۔

nychealthandhospitals.org/test-and-trace/take-care پر دستیاب NYC کے COVID-19 ہوٹل پروگرام کے بارے میں اپنے ملازمین کے ساتھ معلومات کا اشتراک کریں۔

میرے ملازم نے اپنی تمام رخصت برائے بیماری بمعہ معاوضہ استعمال کر لی ہیں، لیکن اس میں COVID-19 کی علامات ہیں یا اس بات کی تصدیق ہو گئی ہے کہ اسے COVID-19 ہے۔ کیا حکومت انہیں رخصت برائے بیماری کا معاوضہ دے گی؟
رخصت برائے بیماری بمعہ معاوضہ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، nyc.gov/health ملاحظہ کریں اور "Paid Sick Leave Commissioner’s Order" (کمشنر کا حکم نامہ برائے رخصت برائے بیماری بمعہ معاوضہ) اور "Paid Sick Leave FAQ" (رخصت برائے بیماری بمعہ معاوضہ کے بارے میں عمومی سوالات) تلاش کریں۔ مزید معلومات کے لیے، آپ NYC DCWP بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

آجروں کو اس حوالے سے باخبر رہنا چاہیے کہ نیویارک سٹی اور نیویارک اسٹیٹ کے انسانی حقوق کے قوانین کے تحت، اور معذوری رکھنے والے امریکیوں کے ایکٹ کے تحت، ان کی یہ امہ داری ہے کہ "معذوری" (جس میں طبی مسائل بھی شامل ہیں) رکھنے والے ملازمین کے لیے مناسب رعایت فراہم کریں۔ رخصت کی مدت معقول رعایت کی ایک شکل ہے۔ امتیازی سلوک کے یہ قوانین یہ درکار نہیں کرتے کہ تنخواہ کے ساتھ رخصت فراہم کی جائے، لیکن یہ درکار کر سکتے ہیں کہ آجر اپنی پالیسی میں دی گئی بغیر تنخواہ کے چھٹیوں کی تعداد سے زیادہ چھٹیاں دے (اور فیملی اینڈ میڈیکل رخصت ایکٹ کے تحت درکار شدہ سے زیادہ)، اگر ایسا کرنا آجر کو کوئی مشکل میں ڈالے بغیر ممکن ہے۔

اگر میرا کاروبار تمام ضروریات پر عمل پیرا ہے اور اس کے باوجود ملازمین اور / یا صارفین کو COVID-19 ہو جاتا ہے تو کیا اس میں میری کوئی ذمہ داری ہو گی؟
ذمہ داری سے متعلق خدشات کے سلسلے میں اپنے بیمہ دہندہ اور وکیل سے رجوع کریں۔

نگہداشت صحت اور ذہنی صحت سے متعلق معاونت تک رسائی

ممکن ہے کہ میرے کچھ ملازمین کے پاس ڈاکٹر نہ ہو۔ میں ان کو کہاں ریفر کر سکتا ہوں؟
- ملازمین کو نگہداشت تلاش کرنے میں مدد کے لیے اپنی کمپنی کے صحت بیمہ کے منصوبے کے لیے موجودہ نگہداشت صحت فراہم کنندگان کی ڈائریکٹری تقسیم کریں۔
- اگر آپ ایک چھوٹے کاروبار کے مالک ہیں اور ملازمین کو بیمہ فراہم نہیں کرتے ہیں تو ملازمین کو آگاہ کریں کہ وہ مفت یا کم لاگت والے صحت کے بیمہ کی تلاش کے لیے **311** پر کال کر سکتے ہیں۔
- براہ کرم COVID-19 کی مفت ٹیسٹنگ کے بارے میں معلومات فراہم کریں۔
- بیمار ہوں تو کیا کرنا چاہیے، اس بارے میں معلومات فراہم کریں۔

ہمارے کئی ملازمین کے دوست اور خاندان کے ارکان COVID-19 کی وجہ سے ان سے بچھڑ چکے ہیں۔ ذہنی صحت کے کون سے وسائل دستیاب ہیں؟
اپنے ملازم کو یقین دہانی کروائیں کہ جذباتی، غمزدہ، بے چین اور خوف زدہ محسوس کرنا، یا تناؤ کی دوسری علامات کا سامنا کرنا، جیسے سونے میں مسلہ، فطری ہے۔ اپنی صحت اور جذباتی تندرستی کی دیکھ بھال میں مدد کے آن لائن ٹولز کے لیے nyc.gov/nycwell پر "App Library" (ایپ لائبریری) ملاحظہ کریں۔ NYC Well عملہ پر تربیت یافتہ صلاح کاروں کے ساتھ رابطہ کر سکتا ہے، جو کہ ذہنی صحت سے متعلق معاونت کی خدمت کی ایک مفت اور رازدارانہ خدمت ہے۔ NYC Well کا عملہ 24/7 دستیاب ہوتا ہے اور نگہداشت کے لیے مختصر مشاورت اور حوالہ جات فراہم کرسکتا ہے:
- 888-692-9355 پر کال کریں۔
- nyc.gov/nycwell پر آن لائن چیٹ کریں۔

نیو یارک اسٹیٹ کی COVID-19 کے حوالے سے جذباتی مدد کی ہیلپ لائن بھی دستیاب ہے جس پر خاص طور پر تربیت یافتہ رضا کار پیشہ ور عملہ موجود ہوتا ہے۔ وہ آپ کی بات سننے، معاونت فراہم کرنے اور حوالہ جات پیش کرنے کے لیے، صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک، ہفتے میں سات دن، 844-863-9314 پر دستاب ہیں۔

اپنے کام کی جگہ پر انتقال کر جانے والے ملازمین کی یاد منانے کے طریقوں کے بارے میں سوچیں، جیسے ایک لمحے کی خاموشی اختیار کرنا، یادوں کے لیے ایک آن لائن صفحہ تیار کرنا یا خراج تحسین کے لیے ریموٹ طور پر محفلیں منعقد کرنا۔ مناسب طریقہ کیا ہے، اس کا انحصار کام کی جگہ کی ثقافت اور خاندان کی خواہشات جیسے عوامل پر ہو گا۔

جسمانی فاصلہ

اگر ممکن ہو تو کیا میرے ملازمین کو ریموٹ طور پر کام کرنا جاری رکھنا چاہیے؟
جی ہاں۔ گھر سے کام جاری رکھنے (ٹیلی ورک) کی پالیسیوں سے NYC میں COVID-19 کی منتقلی کو کم کرنے اور ان کارکنوں کی حفاظت میں مدد ملے گی جنکو اپنا کام انجام دینے کے لیے ورک سائٹ پر رپورٹ کرنا ضروری ہے۔

میرے ملازمین گھر سے کام نہیں کر سکتے ہیں۔ کیا کام کرنے کے مقام پر لوگوں کی تعداد کم کرنے کے دوسرے طریقے موجود ہیں؟
جی ہاں۔ مختلف لوگوں کے لیے کام کے اوقات اور دنوں کے مختلف شیڈول بنا کر کام کرنے کی جگہ پر کارکنوں کی تعداد کو کم کریں۔ کام کرنے کی جگہ پر جتنے کم افراد ہوں گے، جسمانی دوری برقرار رکھنا اتنا ہی آسان ہو گا۔

کیا میرے ملازمین کو کام پر جسمانی فاصلہ قائم رکھنے پر عمل کرنا ہو گا؟ جسمانی دوری کا پروٹوکول کب تک جاری رہے گا؟
جی ہاں، ملازمین کو جسمانی دوری پر عمل کرنا چاہیے۔ COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جسمانی فاصلہ قائم رکھنا اہمیت کا حامل ہے۔ یہاں تک کہ ایک بار دوسری پابندیوں ختم بھی ہو جاتی ہیں تو بھی جسمانی دوری، چہرے کے نقاب کا استعمال اور ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت پر عمل جاری رکھنا اہمیت کا حامل ہو گا۔ جسمانی فاصلے کے مینڈیٹ میں تبدیلیوں کے بارے میں جاننے کے لیے NYS اور NYC کے نوٹسز پر نظر رکھیں۔

اگر ملازمتوں کی نوعیت اور جسمانی کام کی جگہ کی وجہ سے، میرے ملازمین جسمانی طور پر دوسروں سے دور نہیں رہ سکتے ہیں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟
اگر عملہ دوسروں کے 6 فٹ کے اندر ہوتا ہے تو چہرے پر نقاب پہننا ضروری ہے۔ اس کے علاوہ، اس بات کی سختی سے سفارش کی جاتی ہے کہ عمارت کے اندر مشترکہ جگہ پر، چاہے جسمانی فاصلہ برقرار رکھا بھی جا سکتا ہو، ہر کسی کو جتنا زیادہ ممکن ہو سکےچہرے پر نقاب پہننا چاہیے۔ دفتری کام اور دوسری ملازمتوں کے لیے جو صارفین یا دوسروں کے ساتھ آمنے سامنے ہو کر براہ راست تعامل کی ضرورت نہیں رکھتے ہیں، کچھ یا تمام عملے کو ٹیلی ورک کرنے کی اجازت دینے پر غور کریں۔ اگر ٹیلی ورک ممکن نہیں ہے تو ملازمین کے درمیان زیادہ سے زیادہ جگہ قائم کریں۔ کسی خاص وقت میں موجود ملازمین کی تعداد کو کم سے کم کرنے کے لیے کام کو مختلف لوگوں کے لیے مختلف اوقات کی شفٹوں میں شیڈول کریں۔ اگر ممکن ہو تو ڈیسکوں کو الگ کردیں۔ میٹنگ رومز کو کام کرنے کی جگہ میں تبدیل کریں۔ عملے سے خیالات اور رائے طلب کریں۔ تخلیقی بنیں!

کیا زیادہ رش والی جگہوں میں مجھے کوئی حفاظتی اقدامات یا پروٹوکول اپنانے چاہیے؟ مثال کے طور پر، ایک وقت میں لفٹ پر کتنے افراد کو اجازت دی جانی چاہیے؟
اگر ممکن ہو تو زیادہ رش والی جگہوں کی تشکیل نو کریں تاکہ ملازمین کو جسمانی فاصلہ رکھنے پر عمل کرنے میں آسانی ہو۔ اگر لفٹ کی طرح زیادہ محدود جگہوں پر ایک وقت میں ایک سے زیادہ افراد موجود ہوتے ہیں تو وہاں تعداد کو زیادہ سے زیادہ گنجائش کے 50٪ سے کم رکھیں اور موجود لوگوں کو چہرے پر لازمی طور پر نقاب پہننا چاہیے۔ لفٹ بینکوں پر اشارے پوسٹ کریں جو فی لفٹ کار کے لیے تعداد بتاتے ہوں، لوگوں کو ہدایت کرتے ہوں کہ اگلی لفٹ کا انتظار کریں اگر وہ تعداد پوری ہو چکی ہے، اور چہرے پر نقاب پہننے کی تلقین کرتے ہوں۔ عملے کو سیڑھیاں استعمال کرنے کی ترغیب دیں۔

اندر اور باہر لائنوں کا نظم کریں۔ لوگوں کو یہ دکھانےکے لیے ٹیپ یا دیگر مارکر لگائیں کہ وہ اس جگہ کھڑے ہوں کہ ان کے دونوں طرف والے شخص سے وہ 6 فٹ کے فاصلے پر رہیں۔ لوگوں کے گزرنے کے لیے مناسب فاصلہ

چھوڑیں۔ منتظر صارفین کو جسمانی دوری کے تقاضے کی یاد دہانی کے لیے نشانیاں آویزاں کریں۔

کیا میں ذاتی و شخصی طور پر موجودگی کے ساتھ میٹنگز کر سکتا ہوں؟ کیا میٹنگز کے شرکا کی زیادہ سے زیادہ تعداد کے حوالے سےکوئی تعداد موجود ہے؟
جتنا زیادہ ممکن ہو سکے، مئٹنگز کے متبادل طریقے استعمال کریں، جیسے ٹیلیفون اور ویڈیو کانفرنس۔ شخصی و ذاتی طور پر میٹنگز کو بہت کم عملے تک محدود رکھیں، میٹنگز کے لیے بڑے کانفرنس روم یا کھلی جگھوں کا استعمال کریں، اور کم از کم 6 فٹ کی جسمانی دوری برقرار رکھیں۔

عملہ - جیسے کہ گودام یا اسٹاک روم میں موجود افراد - ترسیل کے کارکنوں یا گودام میں آنے والے دوسرے افراد سے کس طرح تعامل رکھیں؟
ترسیل کے کارکنوں کے ساتھ تعامل کرتے وقت، ملازمین کو اپنی ان تمام احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا چاہیے جن پر وہ کام کرنے کی جگہ پر پہلے سے ہی عمل کر رہے ہیں، جیسے کہ زیادہ سے زیادہ فاصلہ برقرار رکھنا، چہرے پر نقاب پہننا، اور باقاعدگی سے اپنے ہاتھ دھونا اور اپنے چہروں کو چھونے سے گریز کرنا۔ دیگر احتیاطی تدابیر استعمال کریں، جیسے ڈرائیوروں کو گاڑی میں ہی رہنے کو کہنا، اور ملازمین کو پیکیجز کے لیے دستخط کرتے وقت اپنے قلم استعمال کرنے کو کہنا۔

چہرے پر نقاب پہننا

کیا میرے ملازمین کو کام پر چہرے پر نقاب پہننے کی ضرورت ہے؟
اگر ملازمین اپنے اور دوسروں کے درمیان کم سے کم 6 فٹ کا فاصلہ برقرار نہیں رکھ سکتے تو انھیں چہرے پر نقاب پہننا چاہیے، اور اس بات کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ جب وہ عمارت کے اندر موجود ہوں تو وہ انہیں ہر وقت پہنے رکھیں، چاہے 6 فٹ فاصلہ برقرار رکھا بھی ہوا ہو۔

اگر کوئی ملازم جو طبی طور پر چہرے پر نقاب برداشت نہیں کرسکتا ہے اور ایسا کام کرتا ہے جو جسمانی فاصلے کو برقرار رکھتے ہوئے نہیں کیا جا سکتا تو سٹی کا انسانی حقوق کا قانون آپ سے درکار کرتا ہے کہ آپ ملازم کے ساتھ باہمی تعاون پر بات چیت کریں کہ آیا آپ اسے کوئی مناسب رعایت دے سکتے ہیں جس سے آپ کے کاروبار کو ناجائز نقصان نہیں ہو گا۔ مثال کے طور پر، آپ ملازم کو ایسی پوزیشن پر کام کرنے کے لیے لگا سکتے ہیں جس میں دوسروں کے ساتھ قربت میں کام کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی ہے، یا آپ ملازم کو ٹیلی ورک کرنے کا موقع فراہم کر سکتے ہیں۔ اگر دوسرے آپشنز کام نہیں کرتے ہیں تو آپ رخصت دے سکتے ہیں۔

کیا مجھے ملازمین کے لیے چہے کے نقاب فراہم کرنے کی ضرورت ہے یا ملازمین کو اپنے نقاب خود سے لانے چاہیے؟
آپ کو اپنے ملازمین کو بغیر کسی قیمت کے چہرے کے نقاب فراہم کرنے چاہیے۔ ہمیشہ مناسب فراہمی برقرار رکھیں۔ آپ ملازمین کو اپنے چہرے کے نقاب لانے اور پہننے کی اجازت دے سکتے ہیں اگر وہ کم از کم معیارات پر پورے اترتے ہیں۔ چہرے کا ایسا نقاب استعمال **نہیں** کرنا چاہیے جس میں سانس کے ذریعے ہوا باہر نکالنے والا والو موجود ہو کیونکہ اس سے سانس کے ذریعے باہر نکالی گئی غیر فلٹر شدہ ہوا دوسروں تک پہنچے گی۔ چھوٹے کاروبار مفت میں چہرے کے نقاب حاصل کر سکتے ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، nyc.gov/nycbusiness/article/free-face-coverings ملاحظہ کریں۔

مجھے کسٹمر، کلائینٹ، یا ملاقاتی سے معاملات کس طرح کرنے چاہیے جو جسمانی دوری اور چہرے کے نقاب کے قواعد پر عمل کرنے سے انکار کرتا ہے؟
NYS کے ایگزیکٹو حکم نامہ 202.34 کے تحت، کاروبار صارفین کے لیے چہرے پر نقاب پہننے کے بارے میں سخت قوانین طے کرسکتا ہے، بشمول چہرے کا نقاب نہ پہننے والوں کے لیے خدمات فراہم کرنے سے انکار کرنا۔ اور وہ صارفین کو NYS ایگزیکٹو حکم نامےکے بارے میں آگاہ کرنے کے لیے اشارے پوسٹ کر سکتے ہیں، جس میں جسمانی فاصلہ برقرار نہ رکھنے کی صورت میں لوگوں کو گھر سے باہر چہرے پر نقاب پہننے کا کہا گیا ہے۔ اگر

کوئی صارف چہرے کے نقاب اور جسمانی دوری کے قواعد سمیت کسی کاروبار کے قواعد پر عمل کرنے سے انکار کرتا ہے تو آپ اس شخص سے رخصت ہونے کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

تاہم، اگر وہ فرد یہ بتاتا ہے کہ وہ معذوری کی وجہ سے چہرے پر نقاب نہیں پہن سکتا تو آپ کو اس شخص سے بات کرنی چاہیے کہ آیا کوئی مناسب رعایت فراہم کرنے کا کوئی طریقہ ہے جو آپ کے لیے کسی ناجائز تکلیف کا باعث نہ بنے۔ آپ کو متبادل انتظامات فراہم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے جو آپ کے کاروبار، آپ کے عملے اور اپنے دوسرے صارفین کے لیے قابل عمل ہوں۔ یہ انتظامات کاروبار میں مشکلات پیدا کیے بغیر کاروبار کی رعایت دینے کی صلاحیت کی بنیاد پر مختلف ہوں گے۔ اگر کسی ہنگامی صورتحال یا حالت کا سامنا کرنا پڑتا ہے جس سے جان یا ذاتی املاک کو خطرہ ہو سکتا ہے تو **911** پر کال کریں۔

"قابل قبول" چہرے کا نقاب کس کو سمجھا جا سکتا ہے؟

براہ کرم چہرے کے نقاب کے حوالے سے یہ عمومی سوالات ملاحظہ کریں:
www1.nyc.gov/assets/doh/downloads/pdf/imm/covid-19-face-covering-faq.pdf۔

اگر ملازمین نے چہروں پر نقاب پہن رکھے ہیں تو کیا ان کو اپنے اور دوسروں کے درمیان کم سے کم 6 فٹ کا فاصلہ برقرار رکھنا ہو گا؟

چہرے پر نقاب کے استعمال کو جسمانی فاصلہ قائم کرنے کا متبادل نہیں سمجھنا چاہیے۔ جب بھی ممکن ہو ملازمین کو دوسروں سے کم از کم 6 فٹ کے فاصلے پر رہنا چاہیے چاہےانہوں نے چہرے پر نقاب بھی پہنا ہوا ہو۔

کیا میں ملازمین سے ہر وقت چہرے پر نقاب پہننے کا تقاضا کر سکتا ہوں چاہے جسمانی دوری برقرار ہو؟

جی ہاں۔ عام طور پر، ضرورت اس بات کی ہے کہ اس وقت چہرے پر نقاب پہنا جائے جب ملازمین دوسروں سے کم از کم 6 فٹ نہیں رہ سکتے ہیں۔ لوگوں کو سختی سے سفارش کی جاتی ہے کہ جب لوگ گھر سے باہر کی مشترکہ جگہ جیسے دفتروں اور کام کے دیگر مقامات پر ہوں تو جتنا زیادہ ممکن ہو چہرے پر نقاب پہنیں۔ آجر مزید سخت پالیسی مرتب کر سکتے ہیں اور چہرے پر نقاب پہننا درکار کر سکتے ہیں چاہے لوگوں کے درمیان 6 فٹ کی دوری برقرار رہے۔ تاہم، جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے، اگر وہ فرد یہ بتاتا ہے کہ وہ معذوری کی وجہ سے چہرے پر نقاب نہیں پہن سکتا تو آپ کو اس شخص سے بات کرنی چاہیے کہ آیا کوئی مناسب رعایت فراہم کرنے کا کوئی طریقہ ہے جو آپ کے لیے کسی ناجائز تکلیف کا باعث نہ بنے۔

صنعت کے لحاظ سے مختلف تقاضے ہو سکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے "NY Forward" (NY فارورڈ) دیکھیں۔

اگر میرا ملازم چہرے پر نقاب پہننے سے انکار کر دے کیونکہ وہ ایسا نہیں کرنا چاہتے ہیں؟

تمام ملازمین کو چہرے پر نقاب پہننے کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ اگر کوئی ملازم اس وقت چہرے پر نقاب پہننے سے انکار کرتا ہے جب گورنر اور میئر کے احکامات یا آجر کی پالیسی ملازم سے نقاب پہننا درکار کرتے ہیں، اور اس انکار کی کوئی طبی وجہ بھی نہیں ہے تو آجر انضباط نافذ کرسکتا ہے۔

کیا مجھے سانس کے ذریعے ہوا باہر نکالنے والے والو والا چہرے کا نقاب استعمال کرنا چاہیے؟

نہیں۔ سانس کے ذریعے ہوا باہر نکالنے والے والو والا چہرے کا نقاب سانس کے ذریعے غیر فلٹر شدہ ہوا باہر نکالتا ہے جس کی وجہ سے نقاب کم موثر رہتا ہے۔

مجھے ہر کارکن کو چہرے کے کتنے نقاب فراہم کرنے چاہیے؟

ملازمین کو متعدد ڈسپوزایبل چہرے کے نقاب یا متعدد کپڑے کے نقاب فراہم کریں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے پاس روزانہ صاف، بغیر کسی نقص والا چہرے کا نقاب موجود ہو۔

ہاتھوں کی اچھی حفظان صحت اور صفائی کے پروٹوکول

میرے دفتر کی جگہ ابھی کچھ عرصے سے خالی ہے۔ کیا میں اپنی افرادی قوت کی واپسی سے قبل صفائی کی کوئی خاص تیاری کروں؟
کام کی جگہ پر واپس آنے سے پہلے، معمول کی صفائی اور جراثیم کشی کا اہتمام کریں، جس میں اکثر چھونے والی سطحوں اور اشیاء، جیسے دروازوں کے دستوں، ہینڈلز اور نلکوں پر خصوصی توجہ دیں۔ اگر عمارت میں ہوا یا پانی کی گردش کے سسٹمز موجود ہیں تو لمبےعرصے کے بعد سسٹم کو دوبارہ شروع کرنے کے لیے مینوفیکچرر کی سفارشات پر عمل کریں۔

میرے کاروبار کی جگہ کچھ عرصے سے خالی ہے۔ کیا پانی ملازمین اور دوسروں کے پینے کے لیے محفوظ ہے؟
اگر کوئی عمارت خالی ہے یا اس میں کم لوگ رہتے رہے ہیں تو پلمبنگ سسٹم میں پانی رُکے ہونے کا امکان ہے۔ پانی کا رُکے رہنا رہائشیوں کے لیے خطرہ پیدا کرسکتا ہے۔ اپنے بلڈنگ مینیجر سے اس رُکے ہوئے پانی کو میونسپل واٹر سپلائی سے آنے والے تازہ پانی سے بدل کر ان خطرات سے نمٹنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں بات کریں۔ عمارت کے مالکان، منیجرز، انجینئرز، آپریٹرز اور سپرنٹنڈنٹس کے لیے تفصیلی رہنمائی "Guidance for Returning Building Water Systems to Service After Prolonged Shutdown" (طویل عرصے سے بند رہنے کے بعد بلڈنگ واٹر سسٹم کو بحال کرنے کے حوالے سے رہنمائی) میں مل سکتی ہے۔

کیا مجھے ہاتھ کے رابطے کے بغیر استعمال کیا جانے والا ہینڈ سینیٹائزر فراہم کرنا چاہیے؟
جی ہاں۔ مشترکہ سطحوں، سازوسامان اور اوزاروں کی موجودگی والی جگہوں پر کم سے کم ٪ 60 الکحل والا بغیر ہاتھ کے رابطے کے استعمال کیا جانے والا ہینڈ سینیٹائزر رکھنا آپ کے عملے، کلائینٹس، ملاقاتیوں اور صارفین کے لیے اچھی طرح سے حفظان صحت کو فروغ دینے کا ایک بہترین طریقہ ہے۔

کیا میرے عملے کو دستانے پہننے چاہیے؟
معمول میں دستانوں کے استعمال کی سفارش نہیں کی جاتی ہے۔ CDC وضاحت کرتا ہے کہ عام طور پر دستانے صفائی کرنے یا کسی ایسے شخص کی دیکھ بھال کرتے وقت مناسب ہیں جو بیمار ہے۔ زیادہ تر دیگر حالات میں، دستانے پہننا ضروری نہیں ہے اور پھر بھی یہ جراثیم کے پھیلاؤ کا سبب بن سکتا ہے۔ اپنے آپ کو تحفظ فراہم کرنے کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ اپنے ہاتھوں کو باقاعدگی سے 20 سیکنڈ تک صابن اور پانی سے دھویں یا کم از کم ٪ 60 الکحل والا ہینڈ سینیٹائزر استعمال کریں۔

مجھے کتنی بار مشترکہ جگہوں کو صاف کرنا چاہیے، جیسے میٹنگ کے کمرے، کچن اور باتھ روم؟
کم از کم ہر دن باقاعدگی سے صفائی اور جراثیم کشی کا انعقاد کریں، اور مشترکہ اشیاء (جیسے اوزار)، کثرت سے چھونے والی سطحوں، اور لوگوں کی زیادہ آنے جانے کی جگہوں، جیسے باتھ روم اور عام علاقوں کی زیادہ کثرت سے صفائی اور جراثیم کشی کریں۔ زیادہ چھوئی جانے والی سطحوں اور اشیاء کی مثالوں میں میٹنگ کی میزیں، کرسی کے بازو، دروازوں کے دستے، الماریوں کے دستے، فرج کے دروازے کے دستے، نلکے، بیت الخلاء اور لائٹ سوئچ شامل ہیں۔ صفائی کے بارے میں رہنمائی دیکھیں۔

آجر کی ملکیت اور کنٹرول شدہ سامان، جیسے حفاظتی ٹوپیاں اور کوئی بھی چہرے کی ڈھال، ہر شفٹ کے اختتام پر صاف کی جانی چاہیے۔ سامان کے اندر اور پھر باہر کی صفائی اور جراثیم کشی کریں، پھر صابن اور پانی سے ہاتھ دھوئیں۔

جو کارکن اپنی حفاظتی ٹوپیاں اور اوزار لاتے ہیں، ان کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ انہی صفائی کے پروٹوکولز پر عمل کریں۔ ان کو صفائی ستھرائی اور جراثیم کشی کی مناسب مصنوعات فراہم کریں۔ اس صفائی کو مکمل کرنے کے لیے گزارے گئے وقت کی ادائیگی کریں۔

کیا وینٹیلیشن کا نظام COVID-19 منتقل کرسکتا ہے؟ ملازمین اور دیگر لوگوں کے تحفظ کے لیے میں کیا اقدامات کر سکتا ہوں؟

موجودہ شواہد محدود ہیں اور یہ تجویز نہیں کرتے ہے کہ ہوا کی نکاسی کے نظام میں داخل ہونے والی ہوا وائرس کو منتقل کرے گی۔ تاہم، ایئر کنڈیشنگ یونٹوں، سپلائی ایئر ڈکٹس یا پنکھے (ذاتی یا کمرے کے پنکھے) سے پاس کی جگہوں پر آنے والی تیز ہوا بوندوں کو 6 فٹ سے آگے دھکیل سکتی ہے۔ یہ کرنے کے بارے میں سوچیں:

- ایئر وینٹس اور پنکھوں کا رُخ اوپر کو کرنا تاکہ ہوا اوپر کی طرف گردش کرے
- ملازمین اور صارفین کی موجودگی ایسی جگہ منظم کرنا کہ وہ براہ راست ہوا کے بہاؤ کے سامنے نہ ہوں
- تیز ہوا کے بہاؤ والے کمروں میں، ملازمین کو چہرے پر نقاب پہننے کا کہنا، چاہے دوسروں سے 6 یا اس سے زیادہ فٹ کا فاصلہ قائم ہو

اس کے علاوہ، اپنی جگہ کی مناسبت سے، وینٹیلیشن کو بہتر بنانے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کریں:

- بیرونی ہوا کی شرح میں اضافہ، ممکنہ طور پر % 100 تک زیادہ (پہلے درجہ حرارت اور نمی کنٹرول دونوں کے لیے HVAC کے نظام کی صلاحیتوں کے ساتھ مطابقت کی تصدیق کریں، اور اس کے ساتھ بیرونی اور اندرونی ہوا کے معیار کے ساتھ مطابقت کی بھی تصدیق کریں)۔
- اگر ممکن ہو تو ان جگہوں تک ہوا کی ترسیل میں اضافہ کریں جہاں لوگ موجود ہیں۔
- ڈیمانڈ کنٹرول وینٹیلیشن (DCV) کنٹرولز کو غیر فعال کریں جو درجہ حرارت یا لوگوں کی تعداد کی بنیاد پر ہوا کی فراہمی کو کم کرتے ہیں۔
- جب ماحولیاتی حالات اور عمارت کے تقاضے اجازت دیتے ہیں تو اندر کی ہوا میں باہر کی ہوا کی شرح کو بڑھانے کے لیے قدرتی وینٹیلیشن (مثال کے طور پر، اگر ممکن اور محفوظ ہو تو کھڑکیاں کھول دینا) کے استعمال پر غور کریں۔
- ہوا کی نکاسی کے مرتب شدہ ڈیزائن کو نمایاں طور پر کم کیے بغیر مرکزی ہوائی فلٹریشن کو زیادہ سے زیادہ بہتر بنائیں (MERV 13 یا 14)۔
  - مناسب فلٹر فٹ کو یقینی بنانے کے لیے فلٹر ہاؤسنگ اور ریکس کا معائنہ کریں اور فلٹر بائی پاس کو کم سے کم کرنے کے طریقے دیکھیں۔
- ان اوقات میں بھی جب لوگ موجود نہ ہوں، ہلکی وینٹیلیشن کو زیادہ سے زیادہ کرنے کے لیے وینٹیلیشن کا نظام چلانے پر غور کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ جب کام کرنے کی جگہ پر لوگ موجود ہوتے ہیں تو باتھ رومز میں ایگزہاسٹ پنکھے فعال ہیں اور پوری صلاحیت سے چل رہے ہیں۔

ہمیں ڈاک کے ذریعے موصول ہونے والے پیکیج کا کس طرح نظم کرنا چاہیے؟

پیکجوں سمیت ڈاک کو سنبھالتے وقت ہاتھ کی اچھی حفظان صحت پر عمل کریں۔

مواصلات اور تربیت

مجھے اپنے ملازمین کو COVID-19 حفاظتی پروٹوکول کے بارے میں یاد دلانے کے لیے اشاروں کے نشان کہاں سے مل سکتے ہیں؟

NYC محکمہ صحت کے پاس متعدد زبانوں میں مفت اشاروں کے نشان موجود ہیں۔ **311** پر کال کریں یا www1.nyc.gov/site/doh/covid/covid-19-posters-and-flyers.page سے ڈاؤن لوڈ کریں:

- پھیلاؤ کو روکیں
- جسمانی فاصلہ
- اپنے ہاتھ دھوئیں
- اپنی کھانسی کو ڈھانپیں

میں اپنے ملازمین کو COVID-19 سے تحفظ کے پروٹوکول پر کس طرح تربیت دوں؟

- نگرانی کریں کہ آپ کا عملہ COVID-19 حفاظتی پروٹوکول کو کس حد تک نافذ کر رہا ہے۔

- اپنے حفاظتی منصوبے کو ایسی جگہ پر پوسٹ کریں جہاں ملازمین اس کا جائزہ لے سکیں۔ اس منصوبے کو اپنے ملازمین سے شیئر کریں تاکہ وہ جان سکیں کہ انہیں کس چیز کی توقع رکھنی چاہیے۔
- حسب ضرورت تربیت اور تعلیم کو دہرائیں۔ ملازمین کے لیے سوالات کرنے اور خدشات پر بات کرنے کے لیے ایک طریقہ کار بنائیں۔
- نئی بھرتیوں، انٹرنز، رضاکاروں، عارضی کارکنوں اور ٹھیکیداروں کی تربیت کرنا یقینی بنائیں۔ مواصلات کے متعدد ذرائع استعمال کریں: ای میل، بلیٹن بورڈ پر پوسٹنگ، اعلانات۔
- ان زبانوں میں مواصلات استعمال کریں جن کو ملازمین سمجھتے ہیں۔

کیا ہدایت میں تجویز کردہ اشاروں کے نشانوں کے لیے کوئی مرئیت یا سائز کا معیار ہے؟
اشاروں کے سائز کے بارے میں کوئی تقاضا نہیں ہے۔ ایسے اشارے شائع کریں جن کو کارکن، صارفین اور کلائینٹس آسانی سے دیکھ اور پڑھ سکتے ہیں۔ اشاروں کے نشانوں کا مقصد لوگوں کو COVID-19 تخفیف کے طریقوں کے بارے میں یاد دلانا ہے اور ان کے لیے تقاضوں اور بہترین طریقوں کو سمجھنا آسان بنانا ہے۔

مسافت، سفر، اور ملاقاتی

کیا ملازمین پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے کام پر آ سکتے ہیں؟
اگر ملازمت کی نوعیت اجازت دیتی ہے تو ملازمین کو گھر میں رہ کر ٹیلی فون، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور دیگر ٹیلی مواصلات کی سہولتوں کے ذریعے کام کرنے دیں۔ عملے کی کام پر پیدل یا سائیکل پر آنے کے حوالے سے حوصلہ افزائی کریں۔ سب وے یا بس کے ذریعے آنے والے عملے کی سہولت کے لیے مختلف دورانیے کے شیڈول بنائیں تاکہ وہ بھیڑ سے بچ سکیں۔ لچکدار اوقات والی پالیسیاں بنائیں تاکہ ملازمین رش والی سب وے کو جانے دیں، جبکہ ملازمین کو یہ بھی یاد دلاتے رہیں کہ آنے جانے کے لیے اضافی وقت کی اجازت ہے۔

کیا میرے ملازمین کاروبار کے لیے سفر کر سکتے ہیں؟
جب بھی ممکن ہو ان میٹنگز اور مجالس کے لیے ویڈیو کانفرنسنگ یا ٹیلی مواصلات کے استعمال کو فروغ دیں جن میں عام طور پر سفر کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ کام سے متعلقہ ان میٹنگز یا مجالس کو منسوخ کرنے، ایڈجسٹ کرنے یا ملتوی کرنے پر غور کریں جو صرف شخصی و ذاتی طور پر ہی ہو سکتی ہیں۔

اسکول اور نگہداشت طفل کی سہولیات کب کھلیں گی؟ اگر اسکول ابھی بھی بند ہیں لیکن کاروبار دوبارہ کھلے ہیں تو نگہداشت طفل کیسے فراہم کی جائے گی؟
NYC اس وقت COVID-19 کے اگلے مراحل کے لیے منصوبہ بندی کرنے کے لیے کوشاں ہے لیکن یہ ابھی اسکولوں اور نگہداشت طفل کے دوبارہ کھلنے کی کوئی تاریخ فراہم نہیں کر سکتا۔

کیا تعمیل کی تصدیق کے لیے سٹی انسپکٹر کاروبار کا دورہ کریں گے؟
جی ہاں۔ نیو یارک سٹی کاروباری اداروں کو اس بات کے بارے میں تعلیم دے گا کہ کس طرح دوبارہ کھلنے کے تقاضوں کو پورا کیا جائے۔ انسپکٹر تعمیل کو فروغ دینے کے لیے کاروبار کا دورہ کر سکتے ہیں۔